www.novelsclubb.com
خیزش
نازش منیر
ناولز کلب
:novelsclubb
:read with laiba
03257121842


Poetry
Novelette
Afsana
Column
Novel
NOVELSCLUBB
It's clubb of quality content!
Owner : Laiba Syed
اگر آپ میں لکھنے کی صلاحیت ہے اور آپ اپنا لکھا ہوا دنیا تک پہنچانا چاہتے ہیں، مگر آپ کے پاس کوئی ذریعہ نہیں ہے۔۔ تو ہم سے رابطہ کریں۔
ہماری ٹیم آپ کو قدم قدم پر رہنمائی فراہم کرے گی اور آپ کی لکھی ہوئی تحریر دنیا تک لائے گی۔
آپ اپنا لکھا ہوا ناول، افسانہ، شاعری، ناولٹ، کالم یا آرٹیکل پوسٹ کروانا چاہتے ہیں تو اپنا مسودہ ہمیں
ورڈ فائل
ٹیکسٹ فارم
میں دیئے گئے ای-میل پر میل کریں.
novelsclubb@gmail.com
ہم سے رابطہ کر سکتے ہیں:
NOVELSCLUBB
NOVELSCLUBB
03257121842

خیزش

از قلم

نازش منیر

Clubb of Quality Content!

خیزش

نازش منیر

جنگوں کی آگ میں بھی ان کی محبت جلی نہیں

ایران کی مٹی نے ان کی وفا کو پہچان لیا

زندگی کے ہر معرکے میں وہ ساتھ رہے

اور عشق نے ہر زخم کو فتح میں بدل دیا

ناولز کلب
Clubb of Quality Content!

اصفہان کا مشہور سہ پل شام کے وقت سنہرے اور نیلے رنگ کی روشنیوں میں جگمگا رہا تھا۔ اس چوک کا نام فارسی میں ”دنیا کا نقشہ“ تھا، اور یہ اصفہان کے مرکز میں واقع تھا، جہاں چاروں طرف قدیم عمارتیں، خوبصورت مسجدیں اور گنبدوں کی نیلی ٹائلیں چمکتی تھیں۔

یہ چوک صفوی دور کی عظیم تخلیقات میں سے ایک تھا۔ صفوی دور اسلامی تاریخ کا ایک اہم اور فیصلہ کن زمانہ تھا جو 1501ء میں شاہ اسماعیل صفوی کی قیادت میں ایران سے شروع ہوا اور تقریباً 1736ء تک قائم رہا تھا۔ اس دور میں پہلی مرتبہ ایران کو ایک مضبوط اور متحد ریاست کی شکل دی گئی اور شیعہ اسلام کو سرکاری مذہب قرار دیا گیا جس سے خطے کی مذہبی شناخت واضح ہوئی۔ صفوی حکمرانوں نے نہ صرف سیاسی استحکام پیدا کیا بلکہ علم، ادب، فنِ تعمیر اور ثقافت کو بھی فروغ دیا۔ اصفہان اس دور میں ایک شاندار علمی و ثقافتی مرکز بن گیا جہاں عظیم مساجد، محلات اور مدرسے تعمیر ہوئے جو آج بھی صفوی عظمت کی علامت ہیں۔ عثمانی سلطنت کے ساتھ صفویوں کی جنگوں نے مشرقِ وسطیٰ کی سیاست پر گہرے اثرات ڈالے۔ مجموعی طور پر صفوی دور نے ایران کو ایک طاقتور، باوقار اور ثقافتی طور پر زرخیز ریاست میں تبدیل کر دیا تھا۔

رائد اور منیزہ پل پر کھڑے تھے، پانی کی ہلکی ہلکی سرسراہٹ ان کے ارد گرد کی فضا کو نرم اور جادوئی بنا رہی تھی۔

منیزہ نے اپنے ہاتھ رائد کے بازو پر رکھے، اور رائد نے آہستہ سے اس کا ہاتھ پکڑا۔

"۔یہ لمحہ۔۔۔یہ پل۔۔۔تمہارے بغیر مکمل نہیں ہوتا"

۔اور تمہارے ساتھ ہر پل پر سکون لگتا ہے۔" منیزہ مسکرا رہی تھی

منیزہ آج سادگی میں بھی کسی دعا کی قبولیت لگ رہی تھی۔ہلکے رنگ کا لمبا لباس اس کے وجود پر ٹھہرا تھا۔روشنی نے خود اسے اوڑھ لیا تھا۔اس کے بال نرمی سے کندھوں پر بکھرے ہوئے تھے،کچھ لٹیں پیشانی کو چھوتی ہوئی،شرارت اور حیا ایک ساتھ مسکرا رہی تھیں۔ آنکھوں میں گہری چمک تھی۔وہ چمک جو اپنوں سے بچھڑنے کے درد اور نئے سفر کی امید دونوں کو سمیٹے ہوئے تھی۔ہونٹوں پر ہلکی سی کپکپاتی مسکراہٹ،اور چہرے پر وہ سکون جو صرف کسی کے ساتھ محفوظ ہونے سے آتا تھا۔منیزہ کی موجودگی رائد کی زندگی میں خاموش ۔مگر گہری خوشبو کی طرح پھیل رہی تھی

رائد اس کے سامنے کسی مضبوط سہارے کی مانند کھڑا تھا۔لمبا قد،سیدھے کندھے،اور ایسا وقار کہ ذمہ داری اس کے وجود میں رچ بس گئی تھی۔نم بال اس کی پیشانی پر آکر اس کی سخت مگر نرم شخصیت میں عجیب سا حسن گھول رہے تھے۔آنکھیں گہری اور پر سکون تھیں۔وہ

آنکھیں جو صرف دیکھتی نہیں تھیں، حفاظت بھی کرتی تھیں۔اس کی آواز میں ٹھہراؤ تھا، اور انداز میں وہ اعتماد جو سامنے والے کو خود سے مضبوطی سے جوڑ لیتا تھا۔رائڈ کی موجودگی میں ایران صرف جگہ نہیں رہا تھا، وہ ایک محفوظ دنیا بن چکا تھا۔جہاں منیزہ بے خوف سانس لے سکتی تھی، مسکرا سکتی تھی،اور خود کو مکمل محسوس کر سکتی تھی۔

رائڈ نے منیزہ کی طرف جھک کر اس کے بالوں کو پیچھے کیا، وہ اس کی خوشبو میں ڈوبتے ہوئے مسکرا رہا تھا۔

"تمہارے بال، تمہاری خوشبو، تمہارا موجودگی،سب کچھ میری دنیا ہے، منیزہ۔"

اور تمہاری موجودگی مجھے سب سے محفوظ محسوس کراتی ہے۔"منیزہ نے اس کے کندھے پر سر رکھتے آنکھیں بند کر لیں۔

وہ ملکہ نہیں فقط،دل کی سلطنت کی وارث تھی

اور وہ بادشاہ نہیں،اس کے عشق کا محافظ تھا

تہران کی بازار میں منیزہ رنگ برنگے کپڑے دیکھ رہی تھی۔ یہ محل ایران کے قدیم شاہی قجر خاندان کا رہائش گاہ تھا۔اس کی خوبصورت ستونیں، آئینوں والی ہالیں،اور قدیم ثقافتی خزانے اسے یادگار بناتے تھے۔رائذ نے آہستہ سے اس کے ہاتھ میں پکڑے چار پانچ جوڑے تحمل سے اس سے لیے تھے ۔

"جو بھی تمہارا دل چاہے، حکم کرو، سب کچھ خرید لیتا ہوں۔"

رائذ، یہ سب میرے لئے تمہاری محبت ہے۔ تم ہمیشہ مجھ پر اتنا خرچ کرتے ہو،اور اپنے لیے کبھی کچھ نہیں لیتے۔"منیزہ کی آواز میں نرمی کے ساتھ فکر بھی شامل تھی ۔

رائذ نے مسکرا کر ایک اور سوٹ اٹھایا،اسے اس کے سامنے تھام کر دیکھنے لگا۔

"یہ تم پر کتنا جچ رہا ہے۔"اس کی نگاہوں میں محبت جھلک رہی تھی ۔

تمہاری ہر خوشی میری زندگی کی سب سے بڑی خوشی ہے۔ مرد کو اپنی پسندیدہ عورت پر" خرچ کرنا اچھا لگتا ہے، منیزہ اور جو اپنی عورت کے چہرے کی مسکراہٹ، اس کی خوشیاں اور اس کا بچپنا نہ سنبھال سکے۔۔۔ وہ مرد کہلانے کے لائق ہی نہیں۔" رائذ کی بات سن کر منیزہ ۔کی پلکیں شرم سے جھک گئیں۔ وہ خاموشی سے آگے بڑھی اور اس کے سینے سے لگ گئی

رائذ نے اسے آہستگی سے اپنی بانہوں میں سمیٹ کر اس کے بالوں میں انگلیاں پھیرتے ۔ہوئے سر سہلایا۔ دنیا کی ہر پریشانی سے اسے محفوظ کر لینا چاہتا تھا

ایران کی گلیوں میں گونجتی تھی ان کی محبت

محل کی دیواروں پر لکھی تھی وفا کی داستان

خوش رہا کرو بیگم، تمہاری مسکراہٹ سے میری عمر بڑھتی ہے۔" رائذ نرمی سے کہتے ہر لفظ" ۔دل سے نکال کر اس تک پہنچا رہا تھا

۔منیزہ کے لبوں پر بے اختیار مسکراہٹ پھیل گئی

دونوں آہستہ آہستہ دکانوں کے درمیان چلتے ہوئے خریداری کرنے لگے۔ کہیں ہنسی بکھرتی، ۔کہیں محبت خاموشی سے ساتھ چلتی رہتی

تہران کا گلستان محل، اپنے آئینوں والی ہال، بلند طاقوں اور سنہری روشنی میں ڈوبا ہوا تھا۔ ہر ستون، ہر طاق تاریخی کہانی سناتا محسوس ہو رہا تھا۔

"یہ جگہ بھی ہمارے لیے چھوٹی سی کہانی سناتی ہے۔۔۔ ہر طاق، ہر ستون، ہمیں یاد دلاتا ہے کہ محبت ہر دور میں زندہ رہتی ہے۔" وہ دونوں خریداری کے بعد کھانا کھا کر ٹہلنے نکلے تھے۔ منیزہ نے اس کے بازو میں ہاتھ ڈال رکھا تھا۔

"اور ہم اپنی کہانی یہاں چھوڑ جائیں گے۔۔۔ ہر لمحہ تاریخ میں بس جائے گا۔"

رائد نے اس کے ہاتھ کو اپنے چہرے کے قریب لے کر سرگوشی کی۔

"ہماری کہانی تو اسی دن لکھ دی گئی تھی جب ہماری پہلی ملاقات ہوئی تھی۔ تمہاری ہر بات، ہر نظر مجھے ہمیشہ زندہ رکھتی ہے۔"

وہ دونوں اپنے بیتے وقت کو یاد کر کے مسکرانے لگے تھے۔

\-\-\-\-\-\-\-\-\-\-\-\-\-\-

چاندنی میں بھی چھپی تیری روشنی

خاموش قدموں نے بدل دی یہ کہانی

ہوا کے ساتھ تیرے خیال بہتے ہیں

دھوپ کی کرنیں تیرے لمس کو چھوتی ہیں

ناولز کلب
Clubb of Quality Content!

زخموں نے ہمیں سکھایا ہے

کہ درد بھی دعا بن سکتا ہے

خاموشی میں ہم نے محبت پائی

اور دنیا کی رونق دل میں بسائی۔

منیزہ حورانی، ایک ایرانی ریسرچ اسکالر، تعز آئی تھی۔ منیزہ حورانی، ایک ایرانی ریسرچ اسکالر، تعز آئی تھی۔اس کے والدین ایران میں مقیم تھے، مگر حال ہی میں بہتر علاج اور مستقل رہائش کے لیے اس کے بڑے بھائی کے پاس برطانیہ منتقل ہو گئے تھے۔ منیزہ نے خود تحقیق مکمل کرنے کا فیصلہ کیا،اسی لیے وہ خاندان کی دعا ساتھ لیے علم کے سفر میں اکیلی تعز پہنچی۔

تعز، یمن کے پہاڑوں اور وادیوں کے درمیان بسا ہوا شہر، اپنی قدیم لائبریریوں، چھوٹے باغات اور خوشبودار کافی کے لیے مشہور تھا، مگر برسوں کی جنگ نے اس کے چہرے پر دھول اور دیواروں پر گولیوں کے نشانات چھوڑ دیے تھے۔ یہاں کی گلیاں خاموش تھیں، مگر ہر اینٹ میں پرانی کہانیوں کی گونج چھپی ہوئی تھی۔ بازار خالی مگر چائے خانوں میں گفتگو کی مدھم حرارت برقرار تھی۔ تعز کی فضا میں ایک عجیب امتزاج تھا، مایوسی کا دھواں اور امید کی مدھم روشنی، اور منیزہ ان دونوں کے درمیان اپنی تحقیق کے لیے قدم رکھ چکی تھی۔

وہ جنگ زدہ علاقوں میں "جذباتی دھوکہ اور سماجی رویے" پر کام کر رہی تھی، ایران کی خاموش لائبریریوں اور فکری حلقوں سے نکل کر خاک آلود کوچوں اور سنکڑوں کہانیوں کے بیچ پہنچی تھی۔ ہر دیوار پر وقت کے نشان، ہر گلی میں پرانی زندگی کی آہ وفغاں، اور ہر چہرے پر داستان چھپی ہوئی تھی۔

چائے کے ایک چھوٹے سے ڈھابے پر، روزانہ ایک نوجوان بیٹھا نظر آتا تھا، رائد عبدالرزاق۔ نہ موبائل، نہ شور، نہ کسی قسم کی تاثر سازی۔ بس ایک کپ چائے، ایک پرانی کتاب، اور خاموشی جو دل کو چھو جاتی تھی۔ وہ لمبے قد کا تھا، چوڑے مگر سادہ کندھوں کے ساتھ، زندگی کا بوجھ اٹھانے کا عادی تھا۔ اس کا چہرہ گندمی رنگت میں دھوپ اور صبر دونوں کی کہانی سناتا تھا، جب کہ آنکھیں غیر معمولی طور پر گہری اور پر سکون تھیں۔ ایسی آنکھیں جو بہت کچھ دیکھ چکی تھی مگر شور مچانا نہ جانتی تھی۔ ہلکی داڑھی اس کے وقار کو اور مضبوط بناتی تھی، اور اس کے انداز میں ایک خاموش تحفظ چھپا تھا، وہ لفظوں سے زیادہ عمل پر یقین رکھتا تھا۔

اسی لمحے منیزہ پہلی بار اس گلی میں آئی تھی۔ ہلکے رنگ کا لمبا عبایا اس کے وجود کے گرد لپٹا تھا، نرمی نے خود اسے اوڑھ رکھا تھا۔ ایرانی نقوش والا دوپٹہ اس کے بالوں پر آہستگی سے ٹکا تھا،

جس کے نیچے سے چند لٹیں ہوا کے ساتھ سرگوشیاں کر رہی تھیں۔اس کی آنکھیں گہری، متجسس اور درد سمجھنے والی تھیں۔وہ آنکھیں جو کتابوں میں نہیں،انسانوں کے چہروں میں کہانیاں تلاش کرتی تھیں۔چہرے پر سادگی کے باوجود ایک وقار تھا،علم نے حسن کو نکھار دیا تھا۔گرد و غبار میں بھی اس کی موجودگی کسی خاموش روشنی کی طرح تھی،جو جنگ زدہ فضا میں امید کا احساس جگا دیتی تھی۔

منیزہ نے نوٹ کیا تھا کہ رائڈر روز ایک بچے کو اسکول چھوڑ کر آتا،کسی بیوہ خاتون کے سبزی کے تھیلے میں مدد دیتا،اور اگر دروازہ بند ہو تو دھیرے سے کھٹکھٹا کر اسے کھلوا دیتا۔کبھی وہ مسجد کی جوتیوں کی ترتیب درست کرتا،تو کبھی کسی بزرگ کے لیے چھتری لیے کھڑا ہوتا۔اس کی خاموشی میں طاقت،اس کی حرکت میں مقصد چھپا ہوا تھا،اور منیزہ کے دل میں پہلی بار ایک عام انسان کے لیے غیر معمولی احترام پیدا ہوا تھا۔

شام کے وقت، جب سورج پہاڑوں کے پیچھے غروب ہو رہا تھا اور گلیوں میں ہلکی ہوا چل رہی تھی، رائد مسجد کے صحن میں جھاڑو لے کر صفیں درست کر رہا تھا۔ ہر صف گویا ایک دعا کی ۔لکیر تھی۔ منیزہ مسجد کے دروازے پر رکی، اس منظر کو دیر تک دیکھتی رہی تھی

یہ تمہارا کام نہیں، کسی متولی کا ہے۔"اُس نے آہستگی سے کہا۔ رائد نے صفیں سیدھی کرتے" ،ہوئے جواب دیا

یہ خدا کا گھر ہے اور میں اُس کا بندہ، رتبے نہیں نسبتیں اہم ہیں۔"اسی لمحے مؤذن نے اذان" دی، اور پوری فضا میں ایک روحانی لرزش دوڑ گئی۔ منیزہ کے دل پر ایک سکوت چھا گیا، وہ ۔خاموشی جو صرف عمل سے بولتی تھی، دل کی گہرائی میں اثر ڈالتی تھی

رات کی خاموشی میں، جب بارش کی بوندیں چھت پر نرمی سے بج رہی تھیں، منیزہ لالٹین کی ۔مدھم روشنی میں بیٹھی تھی۔ اس کی ڈائری کھلی ہوئی تھی، اور سامنے ایک پرانا جملہ درج تھا

احتجاج تبھی معتبر ہے جب وہ بلند آواز میں ہو۔" منیزہ نے لمحہ بھر سوچا، پھر قلم اٹھا کر اس" ۔جملے پر ایک ہلکی سی لکیر کھینچ دی۔ نیچے نئے الفاظ لکھے

کبھی کبھار عمل وہ انقلاب لاتا ہے جو شور مچانے والا احتجاج نہیں لا پاتا۔"وہ مسکرا دی۔ پہلی" ۔بار، اسے لگا کہ وہ اپنی تحقیق نہیں، بلکہ اپنی روح لکھ رہی تھی اور یہی خاموشی کا انقلاب تھا

اگلی رات، گلی میں ٹھنڈی ہوا ہڈیوں تک اتر رہی تھی۔ بارش کے بعد کی نمی، سنسان راستے اور ایک کونے میں سکڑا ہوا ایک ننھا بچہ بیٹھا تھا۔اس کے کندھوں پر ایک بوسیدہ شال تھی جو سردی کا مقابلہ کرنے کے لیے ناکافی تھی۔رائد قریب آیا،اپنی گرم چادر اتاری اور نرمی سے اس کے گرد لپیٹ دی۔بچے نے حیرانی اور شکر گزاری سے اسے دیکھا، پھر دھیرے سے ۔بولا

"یہ بالکل ویسی ہے جیسی ابو کی تھی۔۔۔وہ جب زندہ تھے تو سردیوں میں مجھے ایسے ہی لپیٹتے تھے۔"رائد کے چہرے پر ایک لمحے کو خاموش سا سایہ آیا۔وہ جھک کر بچے کی آنکھوں میں ،دیکھنے لگا اور نرمی سے بولا

"بیٹا، یادیں اگر صرف اپنے دل میں قید کرلی جائیں تو وہ درد بن جاتی ہیں لیکن اگر بانٹ لی جائیں، تو وہ پناہ بن جاتی ہیں۔" بچے کی آنکھوں میں نمی آگئی، مگر اس کے ہونٹوں پر ایک چھوٹی سی مسکراہٹ بھی اُبھر آئی جیسے پہلی بار اس نے سردی میں سکون محسوس کیا تھا۔ دور سے منیزہ نے یہ منظر اپنی آنکھوں سے دیکھا، اور وہ الفاظ اُس کے دل میں سکون، محبت، اور انسانی کردار کی طاقت لیے ہمیشہ کے لیے نقش ہو گئے۔ منیزہ نے شہر کے ایک پرانے کتب خانے کا رخ کیا، جہاں سالوں سے تالے پڑے تھے۔ گرد آلود الماریاں، ٹوٹی میزیں، دھندلی روشنی، اور کتابوں کی خوشبو جو ماضی کی یاد دلا رہی تھی۔

ناولز کلب
Clubb of Quality Content!

رائد وہاں پہلے سے موجود تھا، جھاڑو اور کپڑے کی پونچھ لیے۔ اس نے منیزہ کی آمد دیکھی اور مسکرایا،

"یہیں سے مستقبل نکلے گا۔"

منیزہ نے حیرت سے پوچھا، "یہ سب کرنے سے کیا بدلے گا؟" رائد نے پرانی کتابوں کو صاف کرتے ہوئے جواب دیا،

بغاوت وہی ہے جو بغیر شور کے ہو، مگر صدیوں تک گونجے۔" انہوں نے پرانی کتابوں کو"
ترتیب دیا، پلاسٹک کور چڑھائے، اور ایک چھوٹی لائبریری بحال کر دی۔ منیزہ کے دل میں
۔پہلی بار یہ خیال آیا کہ عمل کی خاموشی بھی انقلاب تھی

گلی میں ایک چھوٹا بچہ اپنی کھلونا گاڑی کے ساتھ کھیل رہا تھا، جس کا ایک پہیہ ٹوٹا ہوا تھا۔ رائد
۔چپ چاپ زمین پر بیٹھ گیا، اور بچے کے سامنے بیٹھے بیٹھے کھلونا مرمت کرنے لگا

یہ تو نیا لگ رہا ہے، استاد جی۔" بچے نے خوشی سے کہا۔ رائد نے سر پر ہاتھ پھیرتے ہوئے"
،کہا

"۔چیزیں نہیں، تعلقات مرمت کرو، تبھی دنیا نئے لگے گی"

منیزہ نے یہ منظر اپنے دل میں محفوظ کر لیا۔ پہلی بار اسے سمجھ آیا کہ حقیقی طاقت دھوکہ یا
۔شور میں نہیں، بلکہ انسانیت میں تھی

بارش کے بعد کی صبح تھی۔ تعز کی پہاڑیوں پر باریک دھند ایسی لپٹی تھی جیسے کسی نے انہیں چاندی کے ہلکے دوپٹے سے ڈھانپ دیا ہو۔ ہوا میں مٹی اور گیلی گھاس کی مہک ملی جلی تھی، جو ہر سانس کے ساتھ اندر اتر رہی تھی۔ گلیوں میں پانی کی باریک نالیاں بہہ رہی تھیں، کچھ کے کنارے چھوٹے چھوٹے پتھر چمک رہے تھے۔ دور سے مرغ کی بانگ اور کہیں قریب سے کسی عورت کے برتن دھونے کی چھن چھن سنائی دے رہی تھی۔ رائد ہاتھ میں ایک چھوٹا سا کپڑا اور جنگلی پھول لیے، شہر کے کونے پر بنے پرانے قبرستان کی طرف بڑھ رہا تھا۔ اس قبرستان کی فصیل کئی جگہوں سے ٹوٹی ہوئی تھی۔ دروازہ زنگ آلود تھا، اور کچھ قبریں کائی اور جڑی بوٹیوں میں چھپی ہوئی تھیں۔ زیادہ تر قبروں پر چھوٹے کتبے تھے جن کے حروف بارش اور وقت کے ہاتھوں مٹ چکے تھے۔ قبرستان کے بیچ ایک قبر ایسی تھی جس پر نہ کتبہ تھا، نہ نشان۔ بس مٹی کا ایک چھوٹا سا ابھار، جس پر کبھی کبھار کوئی جنگلی گھاس اگ آتی تھی۔ رائد گھٹنوں کے بل بیٹھ گیا، کپڑے سے مٹی صاف کی اور پھول نرمی سے رکھ دیے تھے۔ اسی لمحے ۔ پیچھے سے ایک آواز آئی

یہ کون ہے؟"رائد نے مڑ کر دیکھا۔ منیزہ ہاتھ میں نوٹ بک لیے کھڑی تھی،اس کا سانس" ۔چلنے سے کچھ تیز تھا جیسے وہ یہاں تک تیزی سے آئی تھی

۔پتا نہیں۔"رائد نے پھول سیدھا کرتے ہوئے کہا"

"؟پھر کیوں آتے ہو روز یہاں"

۔اسکی بات پر رائد نے آہستگی سے مٹی پر ہاتھ پھیرا

"۔کیونکہ یہ کسی کا ہے،اور کوئی اس کے پاس نہیں آتا"

منیزہ کی پیشانی پر بل آئے۔"لیکن تم نہیں جانتے یہ کون ہے۔۔۔ تو کیا فرق پڑتا ہے؟"

ناولز کلب
Clubb of Quality Content

،رائد نے آسمان کی طرف دیکھا،پھر بولا

محبت کا ایک روپ یہ بھی ہے کہ تم وہاں جا کے سلام کرو، جہاں سے کوئی جواب نہیں آتا۔" "۔جہاں کوئی تمہارا انتظار بھی نہیں کر رہا ہوتا

ہوا کا ایک جھونکا آیا اور قبر پر رکھے پھول کی پتی ہلکی سی لرز گئی۔ منیزہ کو لگا جیسے یہ شہر بھی ایسی ہی ایک گمنام قبر ہے۔ جس کا کوئی وارث نہیں،کوئی پرسان حال نہیں۔ وہ دونوں کچھ دیر

خاموش کھڑے رہے۔ پیچھے سے مسجد کی پہلی اذان کی آواز آئی۔ قبرستان کے درختوں میں بیٹھے پرندے اڑ گئے، اور ہوا میں ایک عجیب سا خالی پن پھیل گیا۔ منیزہ نے نوٹ بک بند کی، لیکن اس کے دل میں ایک سوال جاگ چکا تھا۔ کیا انقلاب بھی ایسے ہی شروع ہوتا ہے؟ ؟خاموشی میں، اور کسی گمنام مٹی کے ٹیلے سے

شہر کے بیچوں بیچ ایک پرانا، بوسیدہ مکان تھا۔ دیواروں پر نمی کے دھبے، لکڑی کا دروازہ جو ہر بار کھلنے پر ہلکی سی چرچراہٹ کرتا، اور ایک کونے میں وہی ٹوٹی ہوئی کھڑکی، جو ہمیشہ ذرا سی کھلی رہتی تھی۔ غروبِ آفتاب کا وقت تھا، آسمان پر سنہری اور نارنجی رنگ بکھرے ہوئے تھے، اور وہ روشنی دھیرے دھیرے کھڑکی سے اندر اتر رہی تھی، کمرے کی گرد بھری فضا ۔میں تیرتی ہوئی

یہی وہ لمحہ تھا جب رائد اکثر یہاں آ بیٹھتا تھا۔ اس کمرے میں کبھی ایک بزرگ استاد رہتے تھے، جو قرآن کی تجوید اور تفسیر کے ماہر تھے۔ وہ محض پڑھانے والے نہیں تھے، بلکہ لفظوں

میں زندگی بسانے والے تھے۔اب وہ دنیا میں نہیں تھے، لیکن کمرے کے ایک کونے میں ان کا پرانا رحل اور مصحفِ قرآن اب بھی رکھا تھا، جس کے صفحات پر وقت کے نشان تھے مگر خوشبو اب بھی ایسی جیسے ہر آیت میں تازگی ابھی بھی سانس لے رہی تھی۔رائد آہستگی سے آگے بڑھا، رحل پر رکھا مصحف کھولا۔ صفحہ نمبر کے ساتھ ہی بسم اللہ کی تحریر چمکی، اور اس نے دھیرے دھیرے تلاوت شروع کی۔

"اِنَّ اللّٰہَ یُحِبُّ الۡمُحۡسِنِیۡنَ"

(195 : بیشک اللہ نیکی کرنے والوں سے محبت کرتا ہے۔"(البقرہ"

یہ آیت ایک یاد دہانی ہے کہ نیکی اکثر قربانی کا تقاضا کرتی ہے۔ کبھی وقت کا، کبھی مال کا، کبھی اپنی خواہشات کا، اور کبھی جان تک کا مگر جب یہ قربانی اخلاص کے ساتھ دی جائے، تو اس کا سب سے قیمتی انعام اللہ کی محبت بن جاتی ہے اور اللہ کی محبت سے بڑھ کر کوئی سعادت نہیں ہوتی ہے۔

آواز میں ایک ٹھہراؤ تھا، ہر حرف کمرے کی دیواروں سے ٹکرا کر دل میں اتر رہا تھا۔ تلاوت کے بیچ وہ رک کر ہر آیت کے معنی سوچتا، پھر آگے بڑھتا۔

اسی لمحے دروازے پر ایک ہلکی سی دستک ہوئی۔ منیزہ کھڑی تھی، ہاتھ میں چائے کا کپ تھا۔ وہ اندر آئی، ارد گرد دیکھا، اور آہستگی سے بولی،

"یہ تم ادھر پڑھنے آتے ہو؟"

رائد نے مسکرا کر سر ہلایا۔ "بچپن میں استاد سے سیکھا تھا اب جب دل بوجھل ہوتا ہے تو یہاں آجاتا ہوں۔"

رائد نے ایک اور آیت پڑھی۔

"إِنَّ اللَّهَ لَا يُغَيِّرُ مَا بِقَوْمٍ حَتَّىٰ يُغَيِّرُوا مَا بِأَنفُسِهِمْ"

"اللہ کسی قوم کی حالت نہیں بدلتا جب تک وہ خود اپنی حالت نہ بدلیں۔" (الرعد: 11)

اس نے صفحے پر ہاتھ پھیرا اور نرم لہجے میں کہا،

ناولز کلب
Clubb of Quality Content

قرآن کی طاقت ورق میں نہیں، دل میں اترنے میں ہے۔ انقلاب بھی ایسے ہی آتا ہے۔" پہلے خاموشی، پھر دل کی تبدیلی، اور آخر میں دنیا بدل جانا۔" منیزہ کے ہونٹ تھوڑے کانپے، جیسے وہ کچھ کہنا چاہتی ہو مگر الفاظ نہیں مل رہے۔ کمرے میں آیات کی نرم گونج پھیل گئی، اور باہر شام کا سورج دیوار پر آخری سنہری لکیر چھوڑ رہا تھا۔

تمہیں پتہ ہے،" رائد نے دھیرے سے کہا،

یہی قرآن استاد کے ہاتھ میں آخری بار اُس دن کھلا تھا جب انہوں نے مسجد کے صحن میں" ایک بچے کو کہا تھا۔ آؤ، میں تمہیں حرفِ اول سکھاؤں گا۔ اگلے دن وہ شہید ہو گئے۔" منیزہ نے نظریں جھکا لیں۔ چائے کا کپ اس کے ہاتھ میں ٹھنڈا ہونے لگا تھا۔

شہید کا خون صرف اس کی موت کی یاد نہیں ہوتا، یہ اس کے مقصد کی گواہی بھی ہوتا ہے۔" اگر یہ مصحف بند کر دوں، تو جیسے اس کی آواز کو دفن کر دوں اور قرآن، یہ شہید کے خون سے دھل بھی جائے، تب بھی اس کے لفظ کبھی دھندلے نہیں ہوتے۔" اس نے ایک لمحے کو نظریں نیچی کر کے کہا،

یہ کتاب ان ہاتھوں میں زیادہ بامعنی ہے جنہوں نے زخم دیکھے ہوں کیونکہ زخم ہی دل کو وہ "
"۔جگہ بناتے ہیں جہاں آیات اترتی ہیں

،وہ کچھ پل رکا پھر تلاوت شروع کی

"وَلَا تَحۡسَبَنَّ الَّذِيۡنَ قُتِلُوۡا فِىۡ سَبِيۡلِ اللّٰهِ اَمۡوَاتًا‌ؕ بَلۡ اَحۡيَآءٌ عِنۡدَ رَبِّهِمۡ يُرۡزَقُوۡنَ"

(آل عمران: 169)

جو لوگ اللہ کی راہ میں قتل کیے گئے، انہیں مردہ نہ سمجھو، بلکہ وہ زندہ ہیں اور اپنے رب کے "
پاس رزق پا رہے ہیں۔" یہ الفاظ ایسے تھے جیسے کسی نے دل کے اندھیرے میں روشنی کی
۔ایک کرن ڈال دی تھی

۔کبھی کبھی۔۔۔،" رائد نے مصحف بند کرتے ہوئے بات جاری رکھی"

شہر کو ہتھیار کی نہیں، ہدایت کی ضرورت ہوتی ہے۔ ہدایت آئے تو انقلاب خود راستہ " ڈھونڈ لیتا ہے۔" منیزہ نے پہلی بار محسوس کیا کہ شاید خاموشی بھی عبادت تھی اور رائڈ اس کا ۔ قاری تھا

بارش کا دن تھا۔ تعز کی گلیاں مٹی اور پانی کے ملے جلے رنگ میں ڈوبی ہوئی تھیں۔ ہر موڑ پر چھوٹے چھوٹے چھپڑ جمع ہو گئے تھے، جن میں آسمان کی دھندلی عکاسی لرزتی ہوئی نظر آتی تھی۔ شہر کا مرکزی کتب خانہ اس دن تقریباً خالی تھا۔ کھڑکیوں کے شیشوں پر بارش کی ۔ بوندیں لگاتار بج رہی تھیں، جیسے کوئی اندر داخل ہونے کے لیے اصرار کر رہا تھا

ماہین، اپنے نوٹس اور ڈائری کے ساتھ، کتب خانے کے کونے میں بیٹھی تھی۔ اس کونے میں ایک پرانی لکڑی کی میز تھی، جس پر نقش و نگار ماند پڑ چکے تھے، اور اس کے سامنے ایک خالی کرسی تھی جو ہمیشہ خالی رہتی تھی۔ منیزہ نے لائبریرین سے ایک بار پوچھا تھا کہ یہ کرسی ، کیوں استعمال نہیں ہوتی۔ اس نے ہلکی مسکراہٹ کے ساتھ کہا

یہ کرسی ایک شخص کی یادگار ہے۔وہ یہاں بیٹھ کر سب کو کتابیں پڑھنے کی دعوت دیتا تھا، " یہاں تک کہ جنگ شروع ہو گئی۔ پھر ایک دن وہ واپس نہ آیا۔" آج، پہلی بار، رائد اس خالی کرسی پر بیٹھا ہوا تھا۔اس کے سامنے ایک موٹی سی کتاب کھلی تھی، جس کے ورق پیلے پڑ چکے تھے۔کتاب کے سرورق پر سادہ خط میں لکھا تھا" حریت کی حکایات" منیزہ نے آگے بڑھ کر دیکھا۔یہ ایک ایسی کتاب تھی جو کئی سال پہلے پابندی لگا کر الماری کے پچھلے حصے میں چھپا دی گئی تھی۔

یہ تمہیں کہاں سے ملی؟ "اس نے حیرانی سے پوچھا۔رائد نے کتاب کے ورق پر ہاتھ " پھیرے،

یہ لائبریرین نے دی اور کہا کہ جو پڑھ لے، اس کی ذمہ داری خود اٹھائے گا۔" منیزہ کرسی " کے قریب کھڑی رہی۔رائد نے صفحہ پلٹتے ہوئے پڑھنا شروع کیا۔

انقلاب وہ نہیں جو گلیوں میں شور مچائے، بلکہ وہ ہے جو گھروں میں ذہن بدل دے اور ذہن " بدلنا کتاب کا کام ہے، بندوق کا نہیں۔" اس جملے پر وہ رکا، کتاب بند کی، اور سیدھا منیزہ کی طرف دیکھا،

یہی تو میں تمہیں سمجھا رہا ہوں۔ تم اپنی تحقیق میں لوگوں کے شور کا پیچھا کر رہی ہو، مگر" تمہیں ان کی خاموشی میں چھپے شور کو سننا ہوگا۔" منیزہ نے ہلکی سی مسکراہٹ کے ساتھ کہا،

"اور تم سمجھتے ہو کہ کتاب پڑھنے سے تخت گر جائیں گے؟" رائد نے آہستگی سے کرسی کی پشت سے ٹیک لگائی۔

جب ایک شخص سوال کرنا سیکھ جائے، تو ایک تخت گر جاتا ہے۔ جب ایک شہر سوال سیکھ" جائے، تو پورا انظام بدل جاتا ہے۔" کھڑکی سے بارش کا پانی نیچے گرتا رہا، لیکن کمرے میں ایک عجیب سکوت تھا۔ ایسا سکوت جو بھاری بھی تھا اور پراثر بھی۔ منیزہ نے محسوس کیا کہ یہ خالی کرسی، جو کبھی ایک یادگار تھی، آج ایک پیغام بن چکی تھی۔ رائد نے کتاب میز پر رکھی، اور ،اٹھ کر چل دیا۔ جاتے جاتے اس نے کہا

یہ پڑھ لو۔ مگر یاد رکھنا، اس کتاب کے ہر لفظ کی قیمت ہے۔" منیزہ نے کتاب ہاتھ میں لی" جیسے ہی اس نے پہلا صفحہ کھولا، باہر گلی سے ایک بچے کی ہنسی کی آواز آئی۔ اسے لگا، شاید انقلاب اسی ہنسی کی طرح آہستہ مگر گہری خاموشی سے آتا ہے۔

بارش کی بوندیں تعز کی گلیوں کو چمکدار شیشے کی طرح دھو رہی تھیں۔ چھتوں سے بہتا پانی، گلیوں میں چھوٹے چھوٹے جھیل جیسے گڑھے بنا رہا تھا۔ لوگ جلدی میں تھے، ہر کوئی کسی چھجے، دکان یا پلاسٹک شیڈ کے نیچے پناہ لیے ہوئے تھا۔ مگر ایک کونے میں، ایک اکیلا شخص اپنی دنیا کے بکھرنے کو دیکھ رہا تھا۔ وہ ایک بوڑھا کتاب فروش تھا۔

اس کی لکڑی کی ریڑھی پر رکھی پرانی کتابیں بارش میں بھیگ چکی تھیں۔ صفحات پھٹ رہے تھے، سیاہی بہہ رہی تھی، اور لفظ بارش میں ڈوبتے جا رہے تھے۔ بوڑھا شخص بے بسی سے بارش کو دیکھتا رہا، جیسے وہ کسی پرانے دوست کو مرنے سے نہ روک پا رہا تھا۔ منیزہ بھی قریب ہی ایک چائے کے کھوکے کے نیچے کھڑی تھی۔ وہ بھیگی ہوئی کتابوں کو دیکھ کر بے چین تھی، مگر اس کے قدم رکے ہوئے تھے۔ اسی لمحے، اس نے دیکھا، رائد۔

بغیر چھتری، بغیر بارش سے بچنے کی پرواہ کیے، وہ تیز قدموں سے ریڑھی تک پہنچا۔ اس نے ایک بھیگی ہوئی ضخیم کتاب اٹھائی، پانی جھاڑا، اور نرمی سے اپنے سینے سے لگائی، جیسے کوئی بچہ اپنے زخمی پرندے کو سہلا رہا تھا۔

،چھوڑدو بیٹا۔۔۔"بوڑھے کتاب فروش نے تھکے ہوئے لہجے میں کہا"

یہ سب ختم ہو چکا ہے۔ بارش نے مار دیا۔"رائد نے ایک بھیگے ہوئے صفحے کو احتیاط سے" پلٹا۔سیاہی پھیلی ہوئی تھی، مگر ایک جملہ اب بھی صاف پڑھا جا سکتا تھا،"علم وہ چراغ ہے، جو طوفان میں بھی بجھتا نہیں ہے۔"رائد نے ہلکی سی مسکراہٹ کے ساتھ کتاب کو پلاسٹک بیگ ،میں رکھا اور بولا

بابا، بارش صرف کاغذ گیلا کرتی ہے۔اصل لفظ دل میں اتر جائیں تو کوئی طوفان انہیں نہیں" "۔مار سکتا

منیزہ نے یہ سب دیکھا، اور پہلی بار اسے محسوس ہوا کہ رائد کا انقلاب نعروں میں نہیں، ۔چھوٹے چھوٹے بچانے کے عمل میں تھا

یہ وہ لمحہ تھا جب اس نے جان لیا۔ تخت گرنا ایک دن کا کام ہو سکتا ہے، مگر لفظ اور علم بچانا، ۔نسلوں کا انقلاب ہوتا ہے

بارش تھم چکی تھی، مگر گلیوں میں پانی اب بھی بہہ رہا تھا۔ منیزہ چپ چاپ رائڈ کے پیچھے چل رہی تھی۔ وہ ایک چھوٹے سے ٹھیلے کے پاس رکا، جہاں ایک بوڑھا آدمی ابلے آلو بیچ رہا تھا۔ دھواں، بارش کے بعد کی نمی کے ساتھ مل کر، پورے منظر کو کسی پرانی یاد کی طرح ۔دھندلا رہا تھا۔ رائڈ نے دو آلو لیے، نمک چھڑ کا، اور ایک منیزہ کو پکڑا دیا

،منیزہ نے بھنویں اٹھائیں

،یہ کس لیے؟" رائڈ نے سنجیدگی سے کہا"

انقلابات کے دوران لوگ اکثر بھوکے مر جاتے ہیں۔ اس لیے سوچا، تمہیں شروع میں ہی" ،تربیت دے دوں۔" منیزہ ہلکا سا مسکرائی، مگر آلو لیتے ہوئے بولی

،تمہارا انقلاب آلو کھا کر کیسے آئے گا؟" رائڈ نے نوالہ منہ میں ڈالتے ہوئے کہا"

دیکھو، انقلاب صرف تخت گرانے سے نہیں آتا۔ یہ اس وقت آتا ہے جب لوگ اپنی چھوٹی" چھوٹی بھوکیں، اپنی چھوٹی چھوٹی خود غرضیاں قابو کر لیں۔ آلو کھانا اس کی مشق ہے۔ سادہ، ،پیٹ بھرنے والا، اور سب کے لیے برابر۔" منیزہ نے ہنستے ہوئے کہا

،تم ہر چیز کا فلسفہ بنا دیتے ہو۔" رائڈ نے چائے والے کو آواز دی"

"۔۔۔۔دو کپ گڑ والی چائے"

،پھر اس نے مڑ کر منیزہ کو دیکھا

چائے بھی انقلاب ہے۔یہ غریب کا میٹھا ہے، تھکے ہوئے کا سکون ہے،اور گلی کے کونے پر"
بیٹھے دو اجنبیوں کے درمیان پہلی بات چیت کا بہانہ ہے۔"چائے آگئی۔دونوں ایک بینچ پر
۔بیٹھ گئے۔گلی میں بچے بارش کے پانی میں کشتیاں بہا رہے تھے

تخت بھی خاموش ہو جاتا ہے جب وہ ساتھ بیٹھتے ہیں

شاہ کی دنیا ملکہ کی ایک مسکراہٹ میں سمٹ جاتی ہے

ناولز کلب
Clubb of Quality Content

،رائد نے کپ سے ایک گھونٹ لیا اور مسکرایا

دیکھا؟ تخت گرنے کی ابتدا یہیں سے ہوتی ہے،جب لوگ ایک ساتھ بیٹھ کر ایک کپ"
چائے بانٹ لیتے ہیں۔"منیزہ نے کپ ہونٹوں سے لگایا،اور پہلی بار محسوس کیا کہ شاید

انقلاب کی خوشبو واقعی چائے کے بھاپ جیسی ہوتی ہے، گرم، دھیمی، اور ہر دل میں اتر جانے والی۔

شام کے سائے لمبے ہو رہے تھے۔ گلی میں ہلکی دھند اتر رہی تھی۔ رائد اور منیزہ چائے ختم کر کے اٹھنے ہی والے تھے کہ گلی کے دوسرے سرے سے ایک شور اُٹھا۔

چند لوگ ایک دکان کے باہر جمع تھے، آوازیں بلند تھیں، اور کہیں کہیں دھمکیوں کی جھلک سنائی دے رہی تھی۔

منیزہ نے پریشانی سے دیکھا،

کیا ہوا ہے وہاں؟" رائد نے ایک لمحہ دیکھا، پھر دھیرے سے بولا"۔

آؤ، دیکھتے ہیں۔" وہ قریب پہنچے تو منظر واضح ہوا۔ دکان کے مالک پر الزام تھا کہ اس نے" جنگ زدہ علاقے میں ضرورت کی چیزیں چھپا کر رکھی ہیں اور مہنگے داموں بیچ رہا ہے۔ لوگ غصے میں تھے، لیکن ان میں سے کوئی بھی پہلا پتھر مارنے کی ہمت نہیں کر رہا تھا۔ رائذ بھیڑ میں داخل ہوا۔ اس نے بلند آواز میں کچھ نہیں کہا، بس دکان کے دروازے کے سامنے کھڑا ہو گیا۔ لوگ اسے پہچانتے تھے، اس لیے آوازیں آہستہ ہونے لگیں۔ دکاندار ہانپتے ہوئے ،بولا

"۔میں نے کچھ غلط نہیں کیا"

،رائذ نے سکون سے کہا

اگر تم نے غلط نہیں کیا، تو دروازہ کھولو اور لوگوں کو دیکھنے دو۔" دکاندار کے چہرے پر" ۔پسینہ اُتر آیا

منیزہ نے دیکھا کہ رائذ کے الفاظ میں کوئی دھمکی نہیں تھی، مگر ان کا وزن ایسا تھا کہ وہ سیدھا ۔آدمی کے اندر جا کر ٹوٹا تھا

ناولز کلب
Clubb of Quality Content

آخر کار، دکان کا دروازہ کھلا۔ اندر گندم کے تھیلے اور دوائیاں بھری پڑی تھیں۔ وہ چیزیں جو گاؤں والے مہینوں سے ڈھونڈ رہے تھے۔

لوگ غصے میں آگے بڑھے، لیکن رائد نے ہاتھ اٹھا کر روکا۔

"یاد رکھو۔۔۔ انقلاب شور سے نہیں آتا۔ شور تو تھم جاتا ہے، ڈھول بیٹھ جاتی ہے۔ اصل انقلاب تب ہوتا ہے، جب تم اپنے غصے کو عمل میں ڈھال دو، اور اپنے ہاتھ سے وہ کام کر دو، جس سے ظالم کی نیند اڑ جائے۔ بغیر ایک پتھر اٹھائے، بغیر ایک چیخ نکالے۔" منیزہ نے محسوس کیا کہ یہ الفاظ صرف گاؤں کے لوگوں کے لیے نہیں تھے۔ یہ کسی بڑے، خاموش طوفان کا اعلان تھے۔

تعز کی راتیں ہمیشہ عجیب ہوا کرتی تھیں، خاموش مگر بھاری، جیسے کوئی پرانی لائبریری جس کے شیلفوں میں ہزاروں قصے دبے ہوں۔ آج بھی وہی رات تھی۔ گلی کے دونوں طرف چراغ جل رہے تھے مگر ان کی روشنی دھند میں گم ہو رہی تھی۔ کہیں دور کسی چھت سے اذانِ فجر کی ابتدائی پکار سنائی دی، مگر ابھی گھڑی میں دو بج رہے تھے۔

منیزہ نے اپنی کھڑکی کھولی۔ ہوا میں مٹی کی خوشبو تھی، اور ساتھ کہیں جلتی لکڑی کی ہلکی سی مہک تھی۔ نیچے صحن میں رائد ایک چراغ جلا کر بیٹھا تھا۔ وہ کسی پرانی ڈائری کے اوراق پلٹ رہا تھا، اور ساتھ چائے کا کپ رکھا تھا جس سے بھاپ اٹھ رہی تھی۔

منیزہ نیچے آئی، قدموں کی آہٹ پر رائد نے سر اٹھایا، مسکرایا نہیں، بس آنکھوں سے ایک سلام بھیج دیا۔

"نیند نہیں آئی؟" منیزہ نے آہستہ سے پوچھا۔

"نیند تو اُن کے نصیب میں ہوتی ہے جن کے دل ہلکے ہوں۔" رائد نے ہلکے طنز کے ساتھ کہا۔ وہ کچھ دیر خاموش بیٹھے۔ صرف چراغ کی لو اور کبھی کبھار گلی میں سے گزرتی آوارہ بلی کی آواز آجاتی تھی۔

"رائد، میں تم سے کچھ پوچھ سکتی ہوں؟"

۔پوچھنے کا حوصلہ ہو تو ہاں۔"رائد نے ڈائری بند کی"

تم ہر کام خاموشی سے کیوں کرتے ہو؟ تم بولتے کیوں نہیں؟ یہاں لوگ چیخ چیخ کر انصاف" ۔مانگتے ہیں، تم بس۔۔۔ کر کے دکھا دیتے ہو۔"رائد نے ہلکی سی سانس لی

بولنا آسان ہے، ماہین۔ بولنے میں کوئی قیمت نہیں لگتی، بس ہمت تھوڑی چاہیے۔" لیکن۔۔۔ کر کے دکھانے میں قیمت لگتی ہے۔ کبھی اپنی نیند کی، کبھی اپنے رشتوں کی، اور "۔ کبھی اپنی جان کی

منیزہ نے اس کے چہرے کو غور سے دیکھا۔ پہلی بار اسے لگا کہ اس کے خاموش چہرے کے ۔پیچھے پرانے اور گہرے زخم تھے

Clubb of Quality Content

تمہارے ساتھ کیا ہوا تھا؟"اس نے آہستہ سے پوچھا۔ رائد نے ایک لمحے کو نظریں چراغ کی" لو پر گاڑ دیں۔"جب میں سولہ سال کا تھا، میرے والد کو شہر کے مرکز میں گولی مار دی گئی۔ کسی نے پوچھا کیوں؟ نہیں۔ کسی نے انصاف دیا؟ نہیں۔ اُس دن میں نے قسم کھائی کہ میں شور نہیں مچاؤں گا۔ شور صرف انہیں طاقت دیتا ہے جو ہمیں دبانا چاہتے ہیں۔ میں ان کی ۔راتیں خراب کروں گا۔ عمل سے، نہ کہ آواز سے۔"منیزہ کے ہاتھ میں کپ کانپنے لگا

،اور تم اکیلے یہ سب کر لو گے ؟"رائد مسکرایا"

اکیلا درخت بھی سایہ دیتا ہے۔ مگر جب کئی درخت ساتھ کھڑے ہوں، تو وہ جنگل بن" جاتے ہیں، اور جنگل کو کوئی جلا نہیں سکتا۔"چراغ کی لو ہلکی ہوئی، اور ایک جھونکا آیا۔رائڈ نے ۔ڈائری دوبارہ کھولی اور ایک صفحہ منیزہ کی طرف بڑھا دیا۔اس پر صرف ایک جملہ لکھا تھا

جب تخت گرتے ہیں تو شور نہیں ہوتا، صرف زمین ہلتی ہے۔"منیزہ نے اس جملے کو پڑھا" ۔اور محسوس کیا کہ وہ اب اس کہانی کا حصہ بن چکی تھی

ناولز کلب
Clubb of Quality Content!

____

تعز کی گلیاں اس رات غیر معمولی طور پر سنسان تھیں۔آسمان پر بادل گھرے تھے اور چاند کہیں غائب تھا۔شہر کے مغربی حصے میں ایک پرانا اسکول تھا جو کئی مہینوں سے بند پڑا تھا۔کبھی وہاں بچوں کی ہنسی گونجتی تھی، اب صرف چمگادڑیں اور مٹی تھی۔منیزہ اور رائڈ ایک چھوٹی سی گلی میں کھڑے تھے۔رائڈ کے کندھے پر ایک پرانا کپڑے کا تھیلا تھا، اور منیزہ کے ہاتھ ۔میں ایک لالٹین تھی

یہی ہے وہ جگہ۔"رائد نے سر کے اشارے سے سامنے کے ٹوٹے دروازے کی طرف "
۔اشارہ کیا

"۔کل صبح یہاں کلاس لگنی چاہیے "

۔کیا؟اتنے کم وقت میں ؟"منیزہ نے حیرت سے پوچھا"

رائد نے خاموشی سے تھیلا کھولا۔اس میں چند کتابیں،چاک کے ڈبے،کچھ کاپیاں،اور چند پینسلیں تھیں۔"انقلاب کی شروعات ہمیشہ چھوٹی میزوں اور سادہ کتابوں سے ہوتی ہے،
"۔ماہین

وہ دونوں اندر داخل ہوئے۔کمرہ دھول سے بھرا تھا۔فرش پر ٹوٹی کرسیوں کے ڈھانچے
۔بکھرے پڑے تھے۔کھڑکیوں کے شیشے غائب تھے،اور سرد ہوا سیدھی اندر آ رہی تھی

یہاں تو کچھ بھی نہیں بچا۔"منیزہ نے آہستہ سے کہا۔رائد نے جواب نہیں دیا۔وہ خاموشی " سے ایک جھاڑو اٹھا کر صفائی کرنے لگا۔اس کے ہاتھوں کی رفتار میں عجلت نہیں تھی،مگر ایک عزم ضرور تھا۔منیزہ نے لمحہ بھر اُسے دیکھا،پھر خود بھی ایک کونے سے دھول جھاڑنے لگی۔

چند گھنٹوں بعد، جب کمرہ صاف ہو گیا تو رائڈ نے لالٹین درمیان میں رکھی۔ دونوں کے چہرے پسینے سے بھیگے تھے، مگر آنکھوں میں ایک عجیب چمک تھی۔

یہ دیکھو۔" رائڈ نے تھیلے سے ایک تختی نکالی جس پر چاک سے لکھا تھا، "علم پہلا ہتھیار ہے"۔ منیزہ نے تختی کو دیوار پر لٹکایا۔ "یہ بس ایک کمرہ ہے، رائڈ"۔

ہاں، مگر کل صبح یہ کمرہ ایک انقلاب کا پہلا صفحہ بنے گا۔" رائڈ نے سنجیدگی سے کہا۔ اچانک" باہر گلی میں قدموں کی آہٹ آئی۔ منیزہ نے گھبرا کر لالٹین بجھائی۔ اندھیرے میں صرف ان کی سانسوں کی آواز سنائی دے رہی تھی۔

یہاں کون ہے؟" ایک بھاری آواز گونجی۔ شاید کوئی پہرے دار تھا۔ رائڈ نے آہستہ سے" کہا،

خاموش رہو۔" وہ ایک پرانی الماری کے پیچھے چھپ گئے۔ قدموں کی آہٹ قریب آئی،" دروازہ چرچراہٹ کے ساتھ کھلا، اور ایک ٹارچ کی روشنی اندر گھومی تھی۔ چند لمحے بعد دروازہ دوبارہ بند ہوا اور آہٹ دور چلی گئی۔ منیزہ کا دل زور زور سے دھڑک رہا تھا۔

یہ خطرناک ہے، رائڈ۔" رائڈ نے سرگوشی میں کہا، "انقلاب ہمیشہ خطرناک ہوتا ہے، مگر"
"۔ہم یہاں خوف بانٹنے نہیں، روشنی بانٹنے آئے ہیں

وہ دونوں دوبارہ روشنی جلانے لگے، اور رات کے باقی گھنٹے بینچ سیدھے کرنے، کتابوں کو
۔ترتیب دینے اور دیواروں پر چارٹ لگانے میں گزر گئے

صبح کا پہلا اجالا کھڑکی کے سوراخ سے اندر آیا تو وہ کمرہ پہچان میں نہیں آ رہا تھا۔ دھول مٹی کی
جگہ روشن دیواریں تھیں، ٹوٹی کرسیوں کی جگہ ترتیب سے رکھی ہوئی بینچیں، اور درمیان
۔میں ایک میز پر کتابوں کا ڈھیر تھا۔ منیزہ نے سانس بھری

،یہ۔۔۔واقعی ہو سکتا ہے۔" رائڈ نے مسکرا کر کہا"

یہ ہو چکا ہے۔ بس اب دیکھنا کہ یہاں آنے والے بچوں میں سے کون سا بچہ کل کے تخت کو"
۔گرانے والا ہوگا۔" اور وہ لمحہ دونوں کے لیے خاموش فتح کی پہلی صبح تھی

صبح کے سورج نے تعز کے پرانے اسکول کی دیواروں پر سنہری روشنی بکھیر دی تھی۔رائد اور منیزہ دروازے کے پاس کھڑے تھے، دونوں کے ہاتھوں میں کتابیں اور چہرے پر ایک چھپی ہوئی امید تھی۔گلی سے بچوں کے چھوٹے چھوٹے قدموں کی آوازیں آنے لگیں۔

سب سے پہلے ایک دبلا پتلا لڑکا آیا، جس کے کپڑوں پر جگہ جگہ پیوند تھے۔اس نے ہچکچاتے ہوئے اندر قدم رکھا، جیسے یہ جگہ اس کے لیے نہیں تھی۔

"آؤ، بیٹھ جاؤ، تمہارا نام؟" رائد نے نرمی سے پوچھا۔

"یاسر۔۔۔یاسر خالد۔" لڑکے نے آہستہ سے بتایا۔

جلد ہی پانچ اور بچے آ گئے۔کچھ ننگے پاؤں تھے، کچھ کے پاس بستے نہیں تھے، مگر آنکھوں میں ایک عجیب بھوک تھی، علم کی بھوک۔

"پہلا سبق شروع ہوا۔رائد نے تختی پر لکھا، "آزادی۔

آزادی کا مطلب کیا ہے؟"اس نے بچوں سے پوچھا۔ایک چھوٹی بچی نے کہا،"گھر میں

۔جب امی مجھے کھلونے چھپانے نہ دیں۔"سب ہنس پڑے

آزادی۔۔۔جب کوئی ہمیں ہمارے گھر سے نہ نکالے۔"یاسر بولا۔کمرے میں خاموشی"

۔چھاگئی۔منیزہ نے یاسر کی طرف دیکھا

۔یہ کس نے کیا تمہارے ساتھ؟"یاسر نے نظریں جھکائیں"

میرے چاچا کہتے ہیں، فلسطین میں ایسا ہوتا ہے۔ہمارے گاؤں میں بھی۔۔۔کچھ ایسا ہی۔"

لوگ آتے ہیں،سب کچھ لے جاتے ہیں۔"رائد نے گہری سانس لی۔"یاسر ٹھیک کہہ رہا

ہے۔فلسطین ہو یا کشمیر،شام ہو یا روہنگیا،یا پھر یہیں یمن۔۔۔جہاں بھی طاقتور ظلم کرتا ہے،

وہاں سب سے پہلے گھر،عزت اور خواب چھینے جاتے ہیں۔"ایک بچی نے معصومیت سے

،پوچھا تھا

۔تو کیا جنگ ہی واحد حل ہے؟"رائد نے سر ہلایا"

"جنگ آخری حل ہے۔۔۔اور اکثر وہ بھی ظالم ہی جیتتا ہے، کیونکہ اس کے پاس زیادہ ہتھیار ہوتے ہیں مگر اسلام نے ہمیں بتایا ہے کہ اصل جنگ ظالم کے خلاف کھڑے ہونے کی ہے۔ چاہے وہ قلم سے ہو، زبان سے ہو یا ہاتھ سے۔" منیزہ نے آگے بڑھی،

"تم جانتے ہو بدر کی جنگ کب لڑی گئی؟ جب مسلمانوں کے پاس تلواریں بھی پوری نہیں تھیں مگر ان کے پاس یقین تھا اور یقین ہمیشہ اس وقت آتا ہے، جب انسان اپنی جان سے زیادہ اپنے مقصد کو چاہتا ہے۔"

ناولز کلب
Clubb of Quality Content

پھر یاسر نے سوال کیا،

"لیکن اگر ہم سب چھوٹے ہیں، ہمارے پاس ہتھیار نہیں، تو ہم کیا کریں؟" رائد نے تختی پر ایک اور لفظ لکھا، "علم"۔

"یہ تمہارا پہلا ہتھیار ہے۔ فلسطین کے بچے جب اپنے گھروں کے ملبے پر بیٹھ کر کتاب کھولتے ہیں، تو یہ دنیا کے سب سے خطرناک سپاہی ہوتے ہیں کیونکہ وہ سچ جانتے ہیں، اور سچ کو کوئی فوج نہیں ہرا سکتی۔"

،ایک اور بچہ بولا

لیکن وہ بھی تو مارتے ہیں جو اسلام کے نام پر لڑتے ہیں؟" یہ سوال سب کے دل میں تھا۔"

،رائد نے دھیرے سے جواب دیا

اسلام کے نام پر ظلم کرنے والے اسلام کے دشمن ہیں، چاہے وہ کسی قوم یا جھنڈے سے" تعلق رکھتے ہوں۔ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا کہ مسلمان وہ ہے جس کی زبان اور ہاتھ سے دوسرے مسلمان محفوظ رہیں۔" کمرے میں ایک خاموش عزم محسوس ہونے لگا۔ بچے ایک دوسرے کو دیکھ رہے تھے جیسے پہلی بار سمجھ رہے ہوں کہ انقلاب صرف توپ اور بندوق کا ،نام نہیں۔ یاسر نے آہستہ سے کہا

میں بڑا ہو کر فلسطین جاؤں گا۔" رائد مسکرایا۔" پہلے پڑھنا سیکھو، یاسر۔ تاکہ جب جاؤ تو ان" "۔کو صرف پتھروں سے نہیں، علم سے بھی جواب دے سکو

منیزہ نے اس لمحے محسوس کیا کہ یہ کمرہ صرف ایک اسکول نہیں، بلکہ ایک بیج تھا۔ جو ایک دن ۔ان گلیوں کو بدل دے گا، اور شاید ان سرحدوں کو بھی جو ظلم نے کھینچی تھیں

دوپہر کا وقت تھا۔ سکول کی چھت پر دھوپ تیز ہو گئی تھی، اور کمرے کے اندر پرانا پنکھا آہستہ آہستہ گھوم رہا تھا۔ بچے جا چکے تھے، بس یاسر پیچھے رہ گیا تھا۔ وہ دروازے پر کھڑا کسی کا انتظار کر رہا تھا۔ کچھ ہی دیر میں ایک دبلا پتلا، درمیانی عمر کا آدمی اندر آیا۔ اس کی آنکھوں کے گرد گہرے سائے تھے، کپڑے دھوپ اور دھول سے ماندہ، اور ہاتھ میں ایک پھٹی ہوئی تھیلی تھی۔ یاسر دوڑ کر اس سے لپٹ گیا۔

چاچا!" رائد اور منیزہ نے مہمان کو خوش آمدید کہا۔ "بیٹھیں، پانی لاتا ہوں۔" رائد نے کہا۔" آدمی نے کرسی پر بیٹھتے ہی کمر سیدھی کی، جیسے تھکن ہڈیوں تک اتر گئی تھی۔

میں خالد ہوں،" اس نے کہا، "فلسطین سے۔۔۔ یا شاید اب کہوں لبنان سے، کیونکہ پچھلے" بارہ سال سے وہی میرا عارضی گھر ہے۔" منیزہ نے ہچکچاتے ہوئے پوچھا، "آپ۔۔۔ وہاں "سے کیسے نکلے؟

خالد نے لمبی سانس لی۔ "جب تمہارا گھر گرتا ہے، تو تم سوچتے ہو کل نیا بنا لیں گے۔ مگر جب مسجد کی چھت، اسکول کا صحن، اور تمہاری ماں کی قبر سب ایک ساتھ مٹی میں مل جائیں۔۔۔ تب تمہیں پتہ چلتا ہے کہ تم صرف ایک نہیں، پوری تاریخ سے بے گھر ہو گئے ہو۔" اس نے اپنے بیگ سے ایک مٹی لگی پرانی چابی نکالی۔ "یہ۔۔۔ ہمارے گھر کی ہے۔ اب بس ایک یادگار ہے۔" رائد خاموش سن رہا تھا، مگر اس کی آنکھوں میں وہی پرانا درد جھلکنے لگا جو وہ کبھی ظاہر نہیں کرتا تھا۔ منیزہ آہستہ سے بولی، "امت۔۔۔ کیوں خاموش ہے؟"

خالد ہنس دیا، مگر اس ہنسی میں تلخی تھی۔ "خاموش نہیں۔۔۔ بس مصروف ہے۔ کوئی تیل کے معاہدے کر رہا ہے، کوئی اپنے شہر کے میلے میں مصروف ہے۔ کچھ لوگ ٹویٹر پر جھنڈے بدل کر سمجھتے ہیں کہ ہم آزاد ہو گئے۔"

رائد نے گہری نظر سے کہا، "لیکن اسلام ہمیں سکھاتا ہے کہ ایک مسلمان دوسرے کا بھائی ہے۔"

خالد نے جواب دیا،

